إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى
عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ

# نماز
مترجم

قدرت اللہ کمپنی ®
گنج بخش روڈ لاہور ۔ اُردو بازار کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْھٰی
عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ؕ

# نماز مترجم

قدرت اللہ کمپنی ®

داتا گنج بخش روڈ لاہور، پاکستان

# فہرست برائے نماز


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ایمان مفصل ۔ ایمان مجمل | 3 | تحمید ۔ تکبیر ۔ سجدہ ۔ تشہد | 16 |
| اول کلمہ ۔ دوم کلمہ | 4 | درود شریف | 17 |
| سوم کلمہ ۔ چہارم کلمہ | 5 | دعا بعد درود | 18 |
| پنجم کلمہ | 6 | دعا بعد فرائض | 20 |
| ششم کلمہ | 7 | نماز کے بعد کے اذکار | 20 |
| مسجد میں داخل ہونے کی دعا | 8 | آیت الکرسی | 21 |
| مسجد سے باہر نکلنے کی دعا | 8 | دعا بعد نماز | 22 |
| وضو کرنے کا طریقہ | 8 | دعائے قنوت | 23 |
| اذان | 9 | تسبیح تراویح | 25 |
| دُعا بعد اذان | 10 | اذکار بعد نماز فجر | 26 |
| نماز ۔ طریقہ نماز | 11 | نماز جنازہ | 27 |
| نیت ۔ ثنا ۔ تعوذ ۔ تسمیہ | 13 | روزہ رکھنے کی نیت | 31 |
| سورۃ فاتحہ | 14 | روزہ کھولنے کی نیت | 31 |
| سورۃ اخلاص ۔ رکوع ۔ تسمیع | 15 | | |

# صفتِ ایمان

## ایمانِ مفصّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ

میں ایمان لایا اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر اور اُس کی کتابوں پر اور اس کے رسُولوں پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ

اور قیامت کے دن پر اور اچھی بُری تقدیر پر

مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط

کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور مرنے کے بعد جی اُٹھنے پر

## ایمانِ مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ

میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صِفتوں کے ساتھ ہے

وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖٓ اِقْرَارٌۢ بِاللِّسَانِ

اور میں نے اُس کے سارے حکموں کو قبول کیا زبان سے اقرار ہے

وَ تَصْدِيْقٌۢ بِالْقَلْبِ ؕ

اور دل سے یقین ہے۔

## شش ۶ کلمے

### اوّل کلمہ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمّد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسُول ہیں۔

### دوم کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسُول ہیں۔

## سوم کلمہ تمجید

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پاک ہے اللہ اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور اللہ بہت بڑا ہے۔ اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

ہی کی طرف سے ہے جو عالی شان عظمت والا ہے۔

## چہارم کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ

بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ

لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

ہمیشہ کے لیے زندہ ہے وہ مرے گا نہیں۔ عظمت اور بزرگی والا ہے۔

بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ط

بہتری اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## پنجم کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّىْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے کیا

عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

جان بوجھ کر یا بھول کر در پردہ یا کھلّم کھلّا اور میں توبہ کرتا ہوں

مِنَ الذَّنْبِ الَّذِىْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ

اُس کے حضور میں اس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے

الَّذِىْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

جو مجھے معلوم نہیں بے شک تُو غیبوں کا جاننے والا ہے۔

وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا

اور عیبوں کا چھپانے والا ہے۔ اور گناہوں کا بخشنے والا ہے۔ اور گناہوں سے بچنے کی

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالی شان عظمت والا ہے۔

## ششم کلمہ ردِّ کُفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اِس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں

شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ

اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے

اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ

اس (گناہ) کی جس کا مجھے علم نہیں میں نے اس سے توبہ کی اور بیزار ہوا کفر سے

وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ

اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے

وَالنَّمِیْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ

اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (باقی) ہر قسم

كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کی نافرمانیوں سے اور میں ایمان لایا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں ۔

## مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ط

اے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

## مسجد سے باہر نکلنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ط

اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل اور رحمت کا سوال کرتا ہوں۔

## وضو کرنے کا طریقہ

مستحب ہے کہ وضو کرتے وقت کعبہ کی طرف منہ کرے اور پہلے دونوں ہاتھ دھوئے۔ پھر تین دفعہ کُلّی کرے۔ پھر ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالے ۔ پھر منہ دھوئے۔ پھر دایاں بازو کہنی تک دھوئے۔ اسی طرح بایاں بازو کہنی تک دھویا جائے ۔ پھر سر کا مسح کرے اور بعد ازاں گردن کا مسح کرے۔ آخر میں پہلے دایاں پاؤں اور پھر بایاں پاؤں ٹخنوں سے اُوپر تک دھوئے۔

# طریقۂ اذان

وضو کے بعد کعبہ کی طرف منہ کر کے اذان ترتیب سے کہتا چلا جائے۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ؕ کہتے وقت منہ دائیں طرف اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ؕ کہتے وقت بائیں طرف پھیر لینا چاہیئے۔

## اذان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ

اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ؕ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ

اِلَّا اللّٰہُ ؕ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسُول ہیں

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ حَیَّ عَلَی

میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسُول ہیں۔ نماز پڑھنے کے لیے

الصَّلٰوۃِ ؕ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ؕ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ؕ

آؤ۔ نماز پڑھنے کے لیے آؤ۔ نجات پانے کے لیے آؤ۔

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ط

نجات پانے کے لیے آؤ۔

## صرف فجر کی اذان میں یہ الفاظ کہے جائیں

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط اَلصَّلٰوۃُ

نماز نیند سے اچھی ہے۔ نماز

خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط

نیند سے اچھی ہے۔

## اور تکبیرِ اقامت میں یہ کہا جائے

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط

تحقیق نماز (کی جماعت) کھڑی ہوگئی۔ تحقیق نماز (کی جماعت) کھڑی ہوگئی۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

## دُعا بعد اذان

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ

اے رب اے پروردگار اِس پوری پکار کے اور قائم ہونے والی

الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ

نماز کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت

وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا

اور بلند درجہ عطا فرما اور اُن کو مقامِ محمود میں

مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ

کھڑا کر جس کا تُو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور ہم کو قیامت کے دن اُن کی شفاعت

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

سے بہرہ مند کر۔ بے شک تُو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

## نماز

### طریقۂ نماز

سب سے پہلے نماز کی نیت کرنی چاہیئے۔ نماز کی نیت چاہے دل سے کرے یا زبان سے بھی کہے۔ نیت کی میں نے اِس نماز کی واسطے اللہ تعالیٰ کے دو یا تین یا چار رکعت نماز سنت، فرض، وتر یا نفل، وقت نماز فجر، ظہر، عصر، مغرب یا عشاء،

(اگر مقتدی کی حیثیت سے ہو تو پیچھے اِس امام کے، کہے)۔ منہ میرا طرف کعبہ شریف کے'۔ پھر دونوں ہاتھ اُٹھا کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہے اور ناف کے نیچے ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھے۔ اِس کے بعد تعوذ اور تسمیہ پڑھ کر سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اِس کے بعد کوئی سورۃ پڑھے۔ اگر کوئی اور سورۃ نہ آتی ہو تو سورۂ اخلاص پڑھ لے۔ اِس کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر رکوع میں جائے اور سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ط تین بار پڑھے۔ پھر سیدھے کھڑے ہوتے ہوئے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ط رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ ط کہے اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر سجدہ کرے۔ سجدہ میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط پڑھے۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر سجدہ سے سر اُٹھائے۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر دوسرا سجدہ پہلے کی طرح کرے پھر۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر کھڑا ہو جائے۔ اور دوسری رکعت پڑھنا شروع کرے اور اس رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ اور کوئی سی سورۃ یا سورۃ اخلاص پڑھے اور پہلی رکعت کی طرح رکوع و سجود کر کے دوسرے سجدے کے بعد کھڑے ہونے کے بجائے دوزانو ہو کر بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے۔ اس کے بعد اِسی حالت میں بیٹھے بٹھائے درود شریف اور دعا جو آئندہ صفحات پر درج ہے پڑھے۔ دعا کے اختتام پر پہلے داہنی طرف پھر بائیں طرف منہ پھیر کر اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ ط کہے۔

(نوٹ): تین اور چار رکعت کے متعلق اپنے اساتذۂ کرام سے سمجھیئے)

وتروں کی تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھنے کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر ہاتھ کانوں تک لے جائے اور پھر ہاتھ باندھ کر دُعائے قنوت پڑھنی چاہیئے اور بعد ازاں اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط کہہ کر رکوع کرنا چاہیے۔ دُعائے قنوت اگر یاد نہ ہو تو سورۂ اخلاص تین بار پڑھ لینی چاہیئے۔

## نیّتِ نماز

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

تحقیق میں نے متوجہ کیا منہ اپنے کو واسطے اُس کے جس نے پیدا کیا آسمانوں

وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ط

اور زمین کو توحید کرنے والا ہوکر اور نہیں میں شریک لانے والوں میں سے۔

## ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ

اے اللہ تیری ذات پاک ہے اور خوبیوں والی اور تیرا نام برکت والا ہے

وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط

اور تیری شان اونچی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں

**تعوّذ** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

**تسمیہ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

(شروع کرتا ہوں) ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے۔

# سُورۂ فاتِحہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ الرَّحۡمٰنِ

سب تعریف اللہ کے لیے جو سارے جہان کا پروردگار ہے۔ مہربان ہے

الرَّحِيۡمِ ۙ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ

رحم والا۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں

وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ

اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھا راستہ

الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ

دکھا۔ اُن لوگوں کا راستہ جن پر تُو نے انعام

عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ

کیا۔ نہ اُن لوگوں کا (راستہ) جو (تیرے) غضب میں مبتلا ہوئے

وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝ اٰمِيۡنَ ۝

اور نہ گمراہوں کا۔ الٰہی قبول فرما

# سورۂ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ○

کہو وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔

لَمْ يَلِدْ ۙ ۵ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

نہ اُس نے (کسی کو) جنا۔ اور نہ (کسی سے) جنا گیا۔ اور کوئی بھی

كُفُوًا اَحَدٌ ○ ؕ

اس کا ہمسر نہیں ہے

تکبیر اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ

اللہ بہت بڑا ہے۔

## رکوع میں تین بار پڑھے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ؕ

پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا

تسمیع سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ؕ

اللہ نے اُس بندے کی (بات) سن لی جس نے اُس کی تعریف کی۔

**تحمید** رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ط

اے ہمارے پروردگار تیرے لیے تمام تعریف ہے۔

**تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔

## سجدہ میں تین بار پڑھے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ط

پاک ہے میرا پروردگار بڑا عالی شان۔

**تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔

## تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ اَلسَّلَامُ

تمام زبان کی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں اور بدنی عبادتیں اور مالی عبادتیں بھی سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط

تم پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ○

سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

## درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

الٰہی حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر رحمت بھیج

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ

جس طرح تُو نے رحمت بھیجی حضرت ابراہیم (علیہ السّلام) پر اور حضرت ابراہیم (علیہ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

السّلام) کی آل پر بے شک تُوتعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ الٰہی برکت دے حضرت محمّد ﷺ

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

کو اور حضرت محمّد ﷺ کی آل کو جیسے برکت دی تُو نے حضرت ابراہیم (علیہ السّلام)

وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

کو اور حضرت ابراہیم (علیہ السّلام) کی آل کو بے شک تُو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

(1)

## درود کے بعد کی دُعا

رَبِّ اجْعَلْنِىْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۖ

اے میرے پروردگار مجھ کو نماز کا پابند بنا دے۔ اور میری اولاد کو بھی۔ اور اے

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِىْ وَلِوَالِدَىَّ

ہمارے پروردگار میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے پروردگار مجھ کو اور میرے ماں باپ کو

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

اور سارے مسلمانوں کو بخش دے اس روز جب کہ (عملوں کا) حساب ہونے لگے۔

## دُعا (2)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا

اِلٰہی میں نے اپنے آپ پر بہت ظلم کیا ہے اور صرف تُو ہی

یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً

گناہوں کو بخش سکتا ہے پس اپنی خاص بخشش کے ساتھ

مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْٓ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ

مجھ کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرما بیشک تُو بخشنے والا

الرَّحِیْمُ ؕ

رحم والا ہے۔

## دُعا (3)

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً

اے ہمارے رب دے ہمیں دنیا میں بھلائی

وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؕ

اور آخرت میں بھی بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

### دونوں طرف مُنہ پھیر کر کہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ ؕ

سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت۔

## دُعا بعد فرائض

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

الٰہی تُو سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی ہے

وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ

اور تیری طرف سلامتی رجوع کرتی ہے اے ہمارے پروردگار ہم کو سلامتی کے

وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا

ساتھ زندہ رکھ اور سلامتی کے گھر میں ہم کو داخل کر اے ہمارے پروردگار تو برکت

وَتَعَالَيْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ

والا ہے اور بلند ہے اے صاحبِ عظمت اور بزرگی والے۔

## نماز کے بعد

سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 بار

پاک ہے اللہ۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ 34 بار

اللہ بہت بڑا ہے۔

# آیتُ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے (کارخانہ عالم کو) قائم رکھنے

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

والا ہے۔ نہ اُس کو اُونگھ آتی ہے اور نہ نیند۔ اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ

اور جو کچھ زمین میں ہے۔ کون ہے جو اس کے اذن کے بغیر اس کی جناب میں

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

(کسی کی) سفارش کرے، جو کچھ لوگوں کو پیش آرہا ہے اور جو کچھ ان کے بعد

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ

ہونے والا ہے وہ سب جانتا ہے، اور لوگ اس کی معلومات میں کسی چیز پر احاطہ نہیں

اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

کر سکتے مگر جتنی وہ چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر حاوی ہے،

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

اور اُن کی حفاظت اُس کو تھکاتی نہیں۔ اور وہ عالی شان عظمت والا ہے۔

## دُعا بعد نماز

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا مُّسْتَقِیْمًا وَّفَضْلًا

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایمان مستقیم کا اور فضلِ

دَآئِمًا وَّنَظَرًا رَّحْمَةً وَّعَقْلًا كَامِلًا وَّعِلْمًا

دائم کا اور نظرِ رحمت کا اور عقلِ کامل کا اور علم

نَّافِعًا وَّقَلْبًا مُّنَوَّرًا وَّتَوْفِیْقًا اِحْسَانًا وَّصَبْرًا

نافع کا اور دلِ روشن کا اور اِحسان کی توفیق کا اور عمدہ صبر کا

جَمِیْلًا وَّاَجْرًا عَظِیْمًا وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّبَدَنًا

اور بڑے اجر کا اور ذِکر کرنے والی زبان کا اور بدن

صَابِرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْیًا مَّشْكُوْرًا وَّذَنْبًا

صبر کرنے والے کا اور رزق فراخ کا اور کوشش مشکور کا اور گناہ

مَّغْفُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّدُعَآءً مُّسْتَجَابًا

مغفور کا اور عمل مقبول کا اور دعائے منظور کا

وَّلِقَآءَ اللّٰهِ نَصِيْبًا وَّجَنَّةً فِرْدَوْسًا وَّنَعِيْمًا

اور دیدار اللہ کے حصے کا اور جنت فردوس کا اور ہمیشہ

مُّقِيْمًا ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ

کی نعمت کا اور خدا کی رحمت اس کی تمام خلقت کے بہترین

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی آل اور اصحاب سب پر۔

بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

## دُعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ

الٰہی ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ اور تجھ ہی سے معافی مانگتے ہیں۔ اور تجھ پر ایمان

بِكَ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ نُثْنِىْ عَلَيْكَ

لاتے ہیں۔ اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور تیری بہت اچھی تعریف

الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ

کرتے ہیں۔اور تیرا شکر کرتے ہیں۔اور تیری ناشکری نہیں کرتے۔اور الگ کرتے ہیں

وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ

اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ الٰہی ہم تیری ہی عبادت کرتے

نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّىْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ

ہیں۔اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں۔اور تیری ہی طرف دوڑتے

نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ

ہیں۔ اور خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں۔

وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ

اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو

مُلْحِقٌ ط

ملنے والا ہے۔

## تسبیح تراویح

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِی

پاک ہے وہ زمین کی بادشاہی اور آسمانوں کی بادشاہی والا۔ پاک ہے وہ

الْعِزَّةِ وَالْعَظْمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

عزت اور بزرگی اور ہیبت اور قدرت والا۔

وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ

اور بڑائی اور دبدبے والا۔ پاک ہے بادشاہ (حقیقی)

الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ

زِندہ ہے جو سوتا نہیں اور نہ مرے گا۔ بہت ہی پاک

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط

(اور) بہت ہی مقدس ہمارا پروردگار اور فرشتوں اور رُوح کا پروردگار۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ ط يَا مُجِيْرُ

اِلٰہی ہم کو دوزخ سے پناہ دے۔ اے پناہ دینے والے

يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ؕ

اے پناہ دینے والے اے پناہ دینے والے۔

## اذکار بعد نماز فجر

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ

پاک ہے اللہ اور سب تعریفیں ہیں اُس کے لیے پاک ہے اللہ

الْعَظِيْمِ (روزانہ ایک سو بار) اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِىْ

بزرگی والا میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

کوئی معبُود نہیں ہے وہ زندہ جاوید اور قائم ہے اور میں اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ (روزانہ دو سو بار)

اے اللہ درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے

النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ (روزانہ تین سو بار)

جو نبی اُمّی ہیں اور آپؐ کی آل پر اور برکت دے اور سلام بھیج۔

# نماز جنازہ

## نیّتِ نماز جنازہ

نماز جنازہ کی نیت اِس طریقہ سے کرنی چاہیئے: چار تکبیر نماز جنازہ، فرض کفایہ، ثناء واسطے اللہ تعالیٰ کے، درود واسطے حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے، دعا واسطے اِس حاضر میت کے، پیچھے اِس امام کے، منہ طرف کعبہ شریف کے۔

**پہلی تکبیر** اَللّٰہُ اَکۡبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔

## ثناء

سُبۡحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ وَتَبَارَکَ

اِلٰہی (میں) تیری پاکی (کے ساتھ) اور تیری تعریف کے ساتھ (تجھے یاد کرتا ہوں)

اسۡمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَجَلَّ ثَنَآءُکَ

اور تیرا نام بابرکت ہے۔ اور تیری شان بلند ہے۔ اور تیری تعریف بڑی ہے۔

وَلَآ اِلٰہَ غَیۡرُکَ ط

اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

## دوسری تکبیر

اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔

## درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

الٰہی حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر رحمت بھیج

كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ

جس طرح تُو نے رحمت بھیجی اور سلام بھیجا اور برکت دی

وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

اور مہربانی کی اور رحم کیا حضرت ابراہیم (علیہ السّلام) پر

وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اور حضرت ابراہیم (علیہ السّلام) کی آل پر بیشک تُو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

## تیسری تکبیر

اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے

# دُعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا

اِلٰہی بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور ہمارے ہر متوفی کو اور ہمارے ہر حاضر کو

وَغَآئِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا

اور ہمارے ہر غیر حاضر کو اور ہمارے ہر چھوٹے کو اور ہمارے ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد

وَاُنْثَانَا ط اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ

کو اور ہماری ہر عورت کو۔ اِلٰہی تُو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے اُس کو

عَلَى الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ

اسلام پر زندہ رکھ۔ اور ہم میں سے جس کو موت دے

عَلَى الْاِيْمَانِ ط

اُس کو ایمان پر موت دے۔

**چوتھی تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ بہت بڑا ہے۔

## دونوں طرف مُنہ پھیر کر کہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ ط

سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت۔

## لڑکے کی میّت ہو تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَآ

اِلٰہی اِس (لڑکے) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنیوالا بنادے اوراس کو ہمارے

اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا

لیے اجر (کا موجب) اور وقت پر کام آنے والا بنادے اوراس کو ہماری سفارش کرنے

وَّمُشَفَّعًا ط

والا بنادے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔

## لڑکی کی میّت پر یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا

اِلٰہی اس (لڑکی) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنے والی بنادے۔ اور اس کو

لَنَآ اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا

ہمارے لیے اجر (کی مُوجب) اور وقت پر کام آنے والی بنا دے۔ اور اس کو ہماری سفارش

شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط

کرنے والی بنادے۔ اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔

## روزہ رکھنے کی نیّت

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ط

اور میں نے رمضان کے کل کے روزے کی نیت کی

## روزہ کھولنے کی نیّت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ

اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا۔ اور تجھ ہی پر ایمان لایا۔

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ ط

اور تجھ ہی پر بھروسہ کیا۔ اور تیرے ہی رزق سے کھولا۔

# سرٹیفکیٹ تصحیح

نماز مترجم کو حرف بحرف غور سے پڑھنے اور رسم الخط کو سمجھنے

کے بعد میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں

کہ یہ ہر قسم کے اغلاط سے مبرّا ہے۔

رجسٹرڈ پروف ریڈر
عبدالقیوم
محکمہ اوقاف حکومت پنجاب

عبدالقیوم
الحمد کالونی لاہور


قدرت اللہ کمپنی ®

قدرت اللہ

داتا گنج بخش روڈ۔ لاہور فون: 042-37232937

اُردو بازار۔ لاہور فون: 042-37312598

Ph: +92-42-37164416 - 37164417, Cell: 0300 8406400

URL: www.qudratullah.com.pk E-Mail:info@qudratullah.com.pk

/QudratUllahCompany

# قدرت اللہ کمپنی نے

بلا ترجمہ قرآن پاک آپ کے لیے شائع کیا ہے یہ قرآن
پاک چھ رنگہ خوبصورت بیل سے مزیّن ہے جس کی
کتابت اور طباعت بہت ہی معیاری اور جاذبِ نظر
ہے۔قرآن پاک پندرہ سطور پر مشتمل ہے اوراس کے ہر
صفحہ پرآیت ختم ہوتی ہے۔اس قرآن پاک میں سب سے
بڑی خوبی یہ ہے کہ قرآن پاک میں جہاں پراللہ تعالی کے
ذاتی نام آئے ہیں، انہیں سرخ رنگ میں نمایاں کیا گیا
ہے۔ جلد خوبصورت ڈیزائن گولڈن بمع بکس تیار کی گئی
ہے۔صاحبِ ذوق افراد کے لیے، بیٹیوں کو جہیز میں، اور
دوستوں کو تحفہ دینے کے لئے بے مثال ہے۔

E-Mail:info@qudratullah.com.pk
URL: www.qudratullah.com.pk

# قدرت اللہ کمپنی® کے

خوبصورت • دیدہ زیب اور معیاری کتابت والے

# قرآنِ پاک

مترجم، اُردو، انگریزی، فارسی، پشتو، بلاترجمہ حافظی
تجویدی قرآن مجید، سورہ یٰسین، سورتیں، دعائیں
درود شریف، مجموعہ وظائف، موٹے الفاظ کے پارے
قاعدے اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں

# QUDRAT ULLAH & CO.®

**Show Rooms:**

Near Muqadas Masjid
Urdu Bazar, Karachi.
Ph: +92-21-32771375
Cell: 0300-8406650

Gunj Bukhsh Road
Lahore.
Ph: +92-42-37232937
Cell: 0321-8490884

Ghazni Street Urdu Bazar
Lahore.
Ph: +92-42-37312598

14 km Sheikhupura Road
Lahore.
Ph: +92-42-37164448


E-Mail:info@qudratullah.com.pk
URL: www.qudratullah.com.pk
/QudratUllahCompany



ISBN 969-672-311-3

9789696723110

No. 261A


Takbeer
(Both hands must touch the ear anghuty)
اَللّٰهُ اَكْبَرُ
Allahu Akbar

## Sana

سُبحَا نَك اللّٰهُمَ وَبِحَمْدِ ك وَ تَبَا رَك

ا سْمُكَ وَتَعَالىٰ جَدُّكَ وَلَآ اِلٰه غَيْرُكَ ط

O Allah,Glorified,praise-worhy.and blessed is Thy Name and exalted Thy Majesty.and there is no deity worthy of worship except thee



Tauz

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

I seek refuge in ALLAH for the rejected satan

Tasmiya

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّ حِيْمِ

In the name of ALLAH, the Beneficent, the merciful



## سُوْرَةُ الفَاتِحَة

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

Praise be to Allah,Lord of the worlds. The Beneficent,the Merciful Master of the Day of Judgement. Thee alone we worship and to thee alone we turn for help Guide us in the straight path The path of those whom You favored and aho did not deserve. Thy anger. Or went astray.



(None of this chapter is the chapter is read.)

# سورة العصر

وَالْعَصْرِ ١ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ ٢ إِلَّا الَّذِينَ
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا
بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ٣

By the time,indeed man is in a state of loss, except those who believed and did righteous deeds,and exhoted each other to follow truth, and exhorted each other to cbserve patience.



(None of this chapter is the chapter is read.)

# سورة العصر

وَالْعَصْرِ ① إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ ② إِلَّا الَّذِينَ
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا
بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ③

By the time,indeed man is in a state of loss, except those who believed and did righteous deeds,and exhoted each other to follow truth, and exhorted each other to cbserve patience.



اَللّٰهُ اَكْبَرُ

Allahu Akbar


(While going to ruku,

say this)

(I have read bow three times..)

سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَظِيْم

Glory to my Lord, the reatest



And this is when

kneeling

down to pray to pay



سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

ALLAH has heard all who prais him

Our Lord:praise be to thee



(While going to sajdah

say this)

اَللّٰهُ اَكْبَرُ


ALLAH is the greatest

# Sajjdah

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى

Glory to my Lord, the most high

(I have read bow three times..)






اَللّٰهُ اَكْبَرُ

Allahu Akbar

(While going to sajdah, say this)




## Sajjdah

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

Glory to my Lord, the most high

(I have read bow three times..)



Quood

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَاالنَّبِيُّ وَرَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰے عِبَادِاللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ٥

اَشْهَدُاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُاَنَّ

مُحَمَّدًاعَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

All prayers and worship through words, action and sanctity are for Allah only.Peace be on you,O prophet.And Mercy of allah and his blessings.Peace be on us and on those who are righteous servants of Allah.

I bear witness that Muhammad is

His slave and messenger.

senger.



DAROOD-E-EBRAHIMI

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ


عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

O Allah; Send Your mercy upon Our Worthy lord and greatest leadr Muhammad (May Peace and Blessing of Allah upon Him!and upon His Progeny Razi Allah Unhum) as You had sent Your mercy upon Ebrahim (Alay hes Salam) and upon his progeny Of course!You are glorious and had been praised much.

O Allah;Send Your blessing upon Our Worthy lord and greatest leadr Muhammad (May Peace and Blessing of Allah upon Him!and upon His Progeny Razi Allah Unhum) as You had sent Your blessing upon Ebrahim (Alay hes Salam) and his progeny. Of course!You are glorious and had been praised much.




رَبِّ ٱجۡعَلۡنِي مُقِيمَ ٱلصَّلَوٰةِ وَمِن ذُرِّيَّتِيۚ

رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ

وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ يَوۡمَ يَقُومُ ٱلۡحِسَابُ

O Lord! Make me one who establishes regular Prayer,and also (raise such)among my off spring O our lord!  and accept thou my Prayer O Lord! cover (us) with thy forgiveness-me,my parents and all believers,on they Day that the Reckoning will be established




(Now turn your face to the right saying.)

(1) اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

Peace be on your and ALLAH's blessings.


(2) اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

Peace be on your and ALLAH's blessings.



# اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(اللہ سب سے بڑا ہے۔)



نماز فجر

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ

وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

پاک ہے تو اے اللہ اور میں تیری حمد کرتی ہوں، تیرا نام برکت والا ہے

اور تیری عظمت بُلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔



نماز فجر

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آتی ہوں شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شُروع جو بہت مہربان
رَحمت والا۔



نماز فجر

## سُورَۃُالفَاتِحَۃُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ آمین

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

بڑا مہربان، نہایت ہی رحم کرنے والا۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔

ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

ہمیں سیدھے راستے کی طرف رہنمائی فرما۔ اُن لوگوں کا راستہ جن پر آپ نے

انعام فرمایا۔ اُن کا راستہ نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ اُن کا جو گمراہ ہوئے

## سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ

قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ○
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْ لَدْ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ○



تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔
نہ اُس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔
اور نہ اُس کے جوڑ کا کوئی۔

Islamic Basic Education


نمازِ فجر

# اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

(اللہ سب سے بڑا ہے۔)

## سُبۡحٰنَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ ط 3x

(یعنی پاک ہے میرا عظمت والا پروردگار)



Islamic Basic Education

نماز فجر

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ط

(یعنی اللہ نے اُس کی سُن لی جس نے اُس کی تعریف کی)

(اے اللہ! اے ہمارے مالک! سب خوبیاں تیرے ہی لئے ہیں)




# اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(اللہ سب سے بڑا ہے۔)

3x سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط

(پاک ہے پروردگار سب سے بلند)



Islamic Basic Education

نماز فجر

# اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(اللہ سب سے بڑا ہے۔)




Islamic Basic Education

نماز نبوی


# سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط 3x

(پاک ہے پروردگار سب سے بلند)



# اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(اللہ سب سے بڑا ہے۔)



Islamic Basic Education

نماز فجر

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ ط اَلسَّلَامُ

عَلَيْكَ اَيُّهَاالنَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا

وَعَلٰی عِبَادِاللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ o اَشْهَدُاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُاَنَّ

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ ہی کیلئے ہیں۔ سلام ہو آپ پر
اے نبیؐ اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے
نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
اور میں گواہی دیتی ہوں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندہ اور رسول ہیں۔

نماز فجر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَاصَلَّیْتَ

عَلٰۤی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍکَمَابَارَکْتَ عَلٰۤی اِبْرٰ ھِیْمَ

وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرٰ ھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اے اللہ دُرود بھیج (ہمارے سردار) محمدؐ پر اوران کی آل پر جس طرح

تُونے دُرود بھیجا (سیّدُ نا) ابراہیمؑ پر اوران کی آل پر۔ بے شک تو سَراہا

ہوا بُزرگ ہے۔ اے اللہ عزّ وجل برَکت نازِل کر ہمارے سردار پر اوراُن

کی آل پر جس طرح تُو نے برَکت نازِل کی (سیّدُ نا) ابراہیم پر اوران کی

نماز تہجد

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ
دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ
يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے میرے پروردگار مجھ کو نماز کا پابند بنا دے اور میری اولاد کو
بھی اور ہمارے پروردگار میری دُعا قبول فرما اے ہمارے
پروردگار مجھے اور میرے والدین اور سب ایمان والوں
کو اس دن معاف فرما دینا جب حساب قائم ہوگا۔

نماز فجر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ (1)

تم پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ (2)

تم پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت

(1)

